یوسی 4 بن قاسم ٹاؤن میں ایم کیوایم کے یونٹ آفس کا افتتاح

کراچی ۔۔۔27، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام یوسی 4 بن قاسم ٹاؤن میں یونٹ آفس کا افتتاح کردیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں سرائیکی، پنجابی، پختون اوراعوان برادری کے نوجوانوں اور بزرگوں کے علاوہ ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر عابد حسین اور محمد اعجاز نے بھی شرکت کی ۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پی پی اوسی کے اراکین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف ملک بھر میں پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں کے اثرات ختم ہورہے ہیں اور پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے بلاامتیاز وتفریق عوام کی عملی خدمت کرکے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم زبانی جمع خرچ کے بجائے عوامی مسائل کے حل اورعوام کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد پر زور دیا کہ وہ آزمائے ہوئے سیاسی بازیگروں سے نجات حاصل کریں اوراپنے مسائل کے حل کیلئے آئندہ عام انتخابات میں ایم کیوایم کے نامزد امیدواروں پر کواپنا ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

حق پرست کونسلر نجمہ زمان کے شوہر کے انتقال پر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔27، نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست کونسلر محترمہ نجمہ زمان کے شوہر خلیق الزماں کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ خورشید افسر اور شعبہ خواتین کی اراکین نے محترمہ مرحوم کی رہائشگاہ جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔ وہ کچھ دیر سوگوار خواتین کے ہمراہ رہیں اورانہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی ۔

سابق حق پرست وفاقی وزیر شمیم صدیقی نے بھینس کالونی لانڈھی کا دورہ کیا

زہریلا چارہ کھانے سے سینکڑوں بھینسوں کی ہلاکتوں پر متاثرہ تاجروں سے اظہار ہمدردی

کراچی ۔۔۔27، نومبر 2007ء

سابق حق پرست وفاقی وزیر شمیم صدیقی نے بھینس کالونی لانڈھی کے باڑوں کا دورہ کیا اور زہریلا چارہ کھانے سے سینکڑوں بھینسوں کی ہلاکت پر متاثرہ تاجروں سے دلی افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے ۔ اس موقع پر متاثرہ تاجروں نے شمیم صدیقی کونقصانات کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کواپنے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆☆